روزنامہ
# الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
ہفتہ 2 جون 2007ء 16 جمادی الاول 1428 ہجری 2 احسان 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 122

## رسول اللہؐ کے محبوب لوگ

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

قیامت کے دن تم میں سے سب سے زیادہ مجھے محبوب اور سب سے زیادہ میرے قریب وہ لوگ ہوں گے جو سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہوں گے اور تم میں سب سے زیادہ مبغوض اور مجھ سے زیادہ دور وہ لوگ ہوں گے جو ثرثار یعنی منہ پھٹ۔ بڑھ بڑھ کر باتیں بنانے والے، متشدق یعنی منہ پھلا پھلا کر باتیں کرنے والے اور لوگوں پر تکبر جتلانے والے۔

(جامع ترمذی کتاب البر والصلہ باب فی معالی الاخلاق حدیث نمبر :1941)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں دیکھتا ہوں کہ جماعت میں باہم نزاعیں بھی ہو جاتی ہیں اور معمولی نزاع سے پھر ایک دوسرے کی عزت پر حملہ کرنے لگتا ہے اور اپنے بھائی سے لڑتا ہے۔ یہ بہت ہی نامناسب حرکت ہے۔ یہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ ایک اگر اپنی غلطی کا اعتراف کر لے تو کیا حرج ہے۔

بعض آدمی ذرا ذرا سی بات پر دوسرے کی ذلت کا اقرار کئے بغیر پیچھا نہیں چھوڑتے۔ ان باتوں سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ خدا تعالیٰ کا نام ستار ہے۔ پھر یہ کیوں اپنے بھائی پر رحم نہیں کرتا اور عفو اور پردہ پوشی سے کام نہیں لیتا۔ چاہئے کہ اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اس کی عزت و آبرو پر حملہ نہ کرے۔

ایک چھوٹی سی کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ ایک بادشاہ قرآن لکھا کرتا تھا۔ ایک ملا نے کہا کہ یہ آیت غلط لکھی ہے بادشاہ نے اس وقت اس آیت پر دائرہ کھینچ دیا کہ اس کو کاٹ دیا جائے گا۔ جب وہ چلا گیا تو اس دائرہ کو کاٹ دیا۔ جب بادشاہ سے پوچھا کہ ایسا کیوں کیا تو اس نے کہا کہ دراصل وہ غلطی پر تھا مگر میں نے اس وقت دائرہ کھینچ دیا کہ اس کی دلجوئی ہو جاوے۔

یہ بڑی رعونت کی جڑ اور بیماری ہے کہ دوسرے کی خطا پکڑ کر اشتہار دے دیا جاوے۔ ایسے امور سے نفس خراب ہو جاتا ہے اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ غرض یہ سب امور تقویٰ میں داخل ہیں اور اندرونی بیرونی امور میں تقویٰ سے کام لینے والا فرشتوں میں داخل کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں کوئی سرکشی باقی نہیں رہ جاتی۔ تقویٰ حاصل کرو کیونکہ تقویٰ کے بعد ہی خدا تعالیٰ کی برکتیں آتی ہیں۔ متقی دنیا کی بلاؤں سے بچایا جاتا ہے۔ خدا ان کا پردہ پوش ہو جاتا ہے جب تک یہ طریق اختیار نہ کیا جاوے کچھ فائدہ نہیں۔ ایسے لوگ میری بیعت سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ فائدہ ہو بھی تو کس طرح جب کہ ایک ظلم تو اندر ہی رہا۔ اگر وہی جوش، رعونت، تکبر، عجب، ریاکاری، سریع الغضب ہونا باقی ہے جو دوسروں میں بھی ہے تو پھر فرق ہی کیا ہے؟............

پس یاد رکھو کہ چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھائیوں کو دکھ دینا ٹھیک نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمیع اخلاق کے متمم ہیں اور اس وقت خدا تعالیٰ نے آخری نمونہ آپ کے اخلاق کا قائم کیا ہے۔ اس وقت بھی اگر وہی درندگی رہی تو پھر سخت افسوس اور کم نصیبی ہے۔ پس دوسروں پر عیب نہ لگاؤ کیونکہ بعض اوقات انسان دوسرے پر عیب لگا کر خود اس میں گرفتار ہو جاتا ہے اگر وہ عیب اس میں نہیں لیکن اگر وہ عیب سچ مچ اس میں ہے تو اس کا معاملہ پھر خدا تعالیٰ سے ہے۔

بہت سے آدمیوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں پر معاً ناپاک الزام لگا دیتے ہیں۔ ان باتوں سے پرہیز کرو۔ بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچاؤ اور اپنے بھائیوں سے ہمدردی۔ ہمسایوں سے نیک سلوک کرو۔ اور اپنے بھائیوں سے نیک معاشرت کرو اور سب سے پہلے شرک سے بچو کہ یہ تقویٰ کی ابتدائی اینٹ ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 571)

## داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

i۔ جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ کے لئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میٹرک/ ایف اے کے نتیجہ کے بعد ہوگا معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

ii۔ ایسے طلباء جو زندگی وقف کر کے جامعہ احمدیہ داخلہ کے خواہشمند ہیں وہ داخلہ کے لئے ابھی سے اپنی درخواست والد/ سرپرست کی تصدیق کے ساتھ اور مقامی جماعت کے امیر صاحب/ صدر صاحب کی وساطت سے وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ کو ارسال کریں تا کہ داخلہ کے انٹرویو سے پہلے ضروری دفتری کارروائی مکمل کی جاسکے۔

### شرائط برائے داخلہ جامعہ احمدیہ:

i۔ امیدوار کا میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔
ii۔ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال سے زائد نہ ہو۔
iii۔ ایف اے/ ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال سے زائد نہ ہو۔
iv۔ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔
v۔ مقامی جماعت کے امیر صاحب/ صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔
iv۔ انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔
vii۔ میڈیکل رپورٹ کے مطابق صحت درجہ اول ہو۔ (میڈیکل چیک اپ انٹرویو میں کامیابی کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہوگا)

### ہدایات:

1۔ امیدواران درخواست اور فارم معاہدہ وقف زندگی میں نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش سکول کے ریکارڈ کے مطابق درج کریں۔ نیز واقفین نو اپنا حوالہ وقف نو بھی درج کریں۔ امتحان کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ کی اطلاع دیں اور سند/ سرٹیفیکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی دفتر وکالت دیوان میں پہنچا دیں تا کہ انٹرویو سے قبل میرٹ لسٹ مکمل کی جاسکے۔

ii۔ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔ عربی اور انگریزی کے معیار کو نیز دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں۔ کتب سیرت النبیؐ، سیرت حضرت مسیح موعود، مختصر تاریخ احمدیت، کامیابی

باقی صفحہ 11 پر

مشعل راہ

## ہر قسم کی نمود کا خیال مٹا کر کام کرنا چاہئے

### حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

تمہیں اپنے دلوں میں سے ہر قسم کی نمود کا خیال مٹا کر کام کرنا چاہئے۔ بڑ بولا ہونا کوئی خوبی کی بات نہیں ہوتی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک دفعہ بعض لوگوں کو دیکھا کہ وہ تیز کلامی میں مشغول ہیں۔ صحابہؓ چونکہ سادہ کلام کرنے کے عادی تھے اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ معمولی فقرہ فرما دیا۔ کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو باتیں کرتے دیکھا ہے۔ آپ تو اس طرح تیز تیز باتیں نہیں کرتے تھے۔ اب ایک نیک شخص اور مومن انسان کو یہ فقرہ بالکل کاٹ دینے والا ہے۔ اور وہ اسی سے سمجھ سکتا ہے کہ کس رنگ میں گفتگو کرنی چاہئے تو بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ زبان کے رس میں ساری کامیابی ہے۔ حالانکہ اصل چیز باتیں کرنا نہیں بلکہ کام کرنا ہے۔ مگر میں انہیں یہ بھی نصیحت کرتا ہوں یعنی یہاں کی مجلس خدام الاحمدیہ کو بھی اور ان مجالس خدام الاحمدیہ کو بھی جو میرے اس خطبہ کے نتیجہ میں قائم ہوں کہ وہ اس بات کو مدنظر رکھیں کہ ان کا تعداد پر بھروسہ نہ ہو بلکہ کام کرنا ان کا مقصود ہو۔

اگر تعداد کی زیادتی پر ہی مدار رکھا جائے تو پھر انسان کو باطل کی طرف جھکنا پڑتا ہے۔ حالانکہ نیک کام ہمیشہ نیک بنیاد سے ہوتے ہیں۔ میں کہتا ہوں۔ یہ سوال نہیں کہ تمہارے دس ممبر ہیں۔ یا بیس۔ یا پچاس یا سو۔ اگر مجلس خدام الاحمدیہ کا ایک سیکرٹری یا پریذیڈنٹ ہی کہی (کسّی۔ مرتب) ہاتھ میں لے لے اور گلیوں کی صفائی کرتا پھرے۔ یا لوگوں کو نماز کے لئے بلائے۔ یا کوئی غریب بیوہ جس کے گھر سودا لا کر دینے والا کوئی نہیں۔ اسے سودا لا کر دے دیا کرے۔ تو بے شک پہلے لوگ اسے پاگل کہیں گے مگر چند دنوں کے بعد اس سے باتیں کرنی شروع کر دیں گے۔ پھر انہی میں سے بعض لوگ ایسے نکلیں گے جو کہیں گے کہ ہمیں اجازت دیں کہ ہم بھی آپ کے کام میں شریک ہو جائیں۔ اس طرح وہ ایک سے دو ہوں گے، دو سے چار ہوں گے اور بڑھتے بڑھتے ہزاروں نہیں لاکھوں تک پہنچ سکتے ہیں۔ تو نیک کام کرتے وقت کبھی یہ نہیں دیکھنا چاہئے کہ کتنے آدمی اس میں شریک ہیں۔ اگر وہ کام جسے تم کرنا چاہتے ہو واقعہ میں نیک اور پسندیدہ ہے تو تھوڑے ہی دنوں میں تم ایک سے دس ہو جاؤ گے۔ پھر دس سے سو بنو گے اور سو سے ہزار ہو جاؤ گے۔ کیونکہ نیک کام اثر کئے بغیر نہیں رہتا۔

تم اگر نیک کاموں میں سرگرمی سے مشغول ہو جاؤ تو میں تمہیں سچ کہتا ہوں کہ لوگوں پر اس کا اثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع کر سکتا ہے۔ سورج مغرب کی بجائے مشرق میں ڈوب سکتا ہے مگر یہ ممکن ہی نہیں کہ کسی نیک کام کو جاری کیا جائے اور وہ ضائع ہو جائے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ تم نیک کام کرو اور خدا تمہیں قبولیت نہ دے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل از وقت ہمیں بتا دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں جب کوئی شخص مقبول ہو جاتا ہے تو وہ اپنے فرشتوں کو پتہ دیتا ہے۔ اور کہتا ہے فلاں بندہ میری نگاہ میں مقبول ہے پھر وہ اگلے فرشتوں کو بتاتے ہیں اور وہ اپنے سے اگلے فرشتوں کو فیوضع لہ القبول فی الارض یہاں تک کہ دنیا کے لوگوں کے دلوں میں اس کی قبولیت پیدا کر دی جاتی ہے۔ مگر اس مقبولیت کا پیمانہ تمہارے دل کا اخلاص ہے۔ تمہارے دل کا اخلاص جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی زیادہ یہ مقبولیت ہوگی اور تمہارے دل کا اخلاص جتنا کم ہوگا اتنی ہی کم یہ مقبولیت ہوگی۔ پس میں یہاں کی مجلس خدام الاحمدیہ کے ارکان کو بھی نصیحت کرتا ہے اور ان بیرونی جماعتوں کو بھی جن کے نوجوان اس مجلس کی نقل میں کام کے لئے تیار ہوں۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے اس نیت سے کام کریں کہ صرف کام کرنے والے نوجوان اپنے اندر شامل کریں گے۔ تعداد بڑھانے کے لئے ہر شخص کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح جو تجربہ کار لیکچرار یا تجربہ کار لکھنے والے ہیں ان کو شروع میں اپنے اندر شامل نہ کیا جائے۔ بے شک نگرانی کے لئے کسی وقت ان سے مشورہ لے لیا جائے۔ مگر انہیں اپنا ممبر نہ بنائیں تا وہ ان کے کام پر حاوی نہ ہو جائیں اور ان کی عقلیں ان کی عقلوں کے مقابلہ میں پست نہ ہو جائیں۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ ایک بڑے درخت کے نیچے اگر ایک چھوٹا پودا لگا دیا جائے تو چند ہی دنوں میں سوکھ جاتا ہے۔ اسی طرح جب بڑے لوگوں کو اپنے اندر شامل کیا جائے تو چھوٹوں کا ذہنی ارتقاء رک جاتا ہے۔

(مشعل راہ ص 22`27)

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## وقف عارضی کی برکت

مکرم محمد صدیق صاحب صدر جماعت احمدیہ چک 93/6-R بہاولنگر نے 278/H-R میں وقف عارضی کی۔ وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ:۔

''بندہ باقاعدگی کے ساتھ پنجگانہ نماز کی توفیق پاتا رہا اور نماز تہجد ادا کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ 10 اطفال، 7 انصار اور 5 خدام کو نماز باجماعت کی عادت ڈالی۔ حضور انور کا خطبہ سننے والوں میں بھی اضافہ ہوا''۔

دیگر احباب بھی اس بابرکت تحریک میں حصہ لے کر ان برکات کو حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز وقف عارضی مکمل کرنے والے تمام احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مختصر رپورٹس سے مطلع فرمائیں۔

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی۔ مجلس انصار اللہ پاکستان)

## درخواست دعا

مکرم محمد اکرم خالد صاحب زعیم انصاراللہ دارالصدر غربی قمر ربوہ تحریر کرتے ہیں میرے بڑے بھائی ماسٹر محمد اسلم صاحب ظفر سابقہ استاد محمد آباد سٹیٹ عرصہ چار سال سے ذہنی عارضہ میں مبتلا ہیں۔ ہر قسم کے علاج کے باوجود کوئی فرق نہیں پڑ رہا۔ تکلیف اس قدر زیادہ ہے کہ لمحہ بھر کیلئے بھی سکون نہیں۔ بعض دفعہ ساری ساری رات جاگنا پڑتا ہے تمام احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی دردمندانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے بھائی کو محض اپنے فضل سے شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم پروفیسر شیخ عبدالماجد صاحب سیکرٹری تعلیم القرآن حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بلڈ پریشر زیادہ ہونے کی وجہ سے بیمار رہتے ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## ولادت

مکرم وسیم احمد صاحب شاہد کارکن وکالت مال ثانی تحریک جدید تحریر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے مجھے اپنے فضل سے مورخہ 12 مئی 2007ء کو دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام ملائکہ وسیم تجویز ہوا ہے۔ نومولودہ مکرم محمد اختر صاحب دارالنصر وسطی ربوہ کی پوتی اور مکرم شفیق احمد صاحب دارالفتوح شرقی ربوہ کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک صالحہ، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم ہود احمد ایوب صاحب ترکہ
مکرم ملک سعید احمد اشرف صاحب مرحوم)

مکرم ہود احمد ایوب صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم ملک سعید احمد اشرف صاحب ابن مکرم ملک شرافت احمد صاحب وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام ایک قطعہ نمبر 5/1 محلّہ دارالبرکات ربوہ برقبہ ایک کنال میں سے 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ برقبہ 10 مرلہ میرے نام منتقل کر دیا جائے دیگر کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے۔

(1) مکرمہ طاہرہ بیگم صاحبہ (بیوہ)
(2) مکرم ملک ظرافت محمود صاحب (بیٹا)
(3) مکرمہ فرحانہ چوہدری صاحبہ (بیٹی)
(4) مکرم ملک ہود احمد صاحب (بیٹا)
(5) مکرم ملک شعیب احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

(مکرمہ فہمیدہ منور صاحبہ ترکہ
مکرم سردار منور احمد صاحب مرحوم)

مکرمہ فہمیدہ منور صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم سردار منور احمد صاحب ولد مکرم سردار محمد ابراہیم صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام ایک قطعہ نمبر 43/19 محلّہ دارالرحمت ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ رقبہ 10 مرلہ مرحوم کے بیٹے مکرم مشرف احمد صاحب اور بیٹی مکرمہ فرزانہ رضوان صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) مکرمہ فہمیدہ منور صاحبہ (بیوہ)
(2) مکرمہ دردانہ نصیر صاحبہ (بیٹی)
(3) مکرمہ فرزانہ رضوان صاحبہ (بیٹی)
(4) مکرمہ مظفرہ بابر صاحبہ (بیٹی)
(5) مکرمہ نیرہ احمد صاحبہ (بیٹی)
(6) مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ (بیٹی)
(7) مکرمہ منزہ نرگس صاحبہ (بیٹی)
(8) مکرم مشرف احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

## اک چراغ اور بجھا اور بڑھی تاریکی

# اخلاص و ایثار کا پیکر۔ یاروں کا یار

# قریشی محمود الحسن بھی ہم سے روٹھ گئے

مکرم عبدالسمیع نون صاحب ایڈووکیٹ

جب میں جذباتی ہو جاتا ہوں اور یونہی نہیں مثلاً گزرے دنوں کی شیریں داستانیں یاد کر کے یا

"بیتے ہوئے دن عیش کے بنتے ہیں شمع زندگی
اور ڈالتے ہیں روشنی میرے دل صد چاک پر"

اور اب "اکثر شب تنہائی میں کچھ دیر پہلے نیند سے" ان سدا بہار محفلوں اور خوشیوں اور مسرتوں سے اب یکسر محرومی کے باعث جذبات غالب آ جاتے ہیں ایسے میں جو ٹوٹے پھوٹے لفظ لکھتا ہوں تو گویا ان پر بھی رقت طاری ہو جاتی ہے اور کلک الم طراز بھی ٹوٹنے لگتی ہے اور اگر کچھ چلتی بھی ہے تو اپاہج کی طرح دل سے چاہتا ہوں کہ قلم اور قرطاس کے ذریعے دل کا بوجھ ہلکا کروں مگر اداسی اور محرومی ایسے گھیر لیتی ہیں کہ آنکھیں بھیگ جاتی ہیں یہ میں نے پہلے بھی کسی مضمون میں لکھا تھا کہ کسی فوت شدہ بھائی کے بارہ میں لکھنا میرے لئے بڑا ہی اذیت ناک بلکہ روح فرسا مرحلہ ہوتا ہے اور کچھ بھی نہ لکھنا تو جانے والی روح کے ساتھ بیوفائی اور عمر بھر کی محبتوں اور مروتوں کے باعث شاید غداری بھی ہو آج پھر ایسی ہی کیفیت سے میرا زخمی دل اور جان حزیں دوچار ہے جب بہت ہی پیارے نیک اور پارسا بڑے بھائی قریشی محمود الحسن صاحب کی وفات حسرت آیات پر قلم اٹھانے کا ارادہ کیا آنکھیں آنسوؤں سے تر بتر اور کچھ سوجھتا نہیں کہ کیا لکھوں وہ بھائی تو بڑی صفات رکھتا تھا اور اس کی شخصیت پہلودار تھی کونسا گوشہ ان کی طویل زندگی کا ٹٹولوں اور اس میں سے کیا کیا قارئین کرام کی خدمت میں پیش کروں ان کی ذہانت اور فراست کی وجہ سے وہ تو ہرفن مولا بن چکے تھے احمدیت کے نور نے ان کی خوابیدہ صلاحیتوں کو خوب روشن اور صیقل کر دیا تھا اور ہمارے لئے قابل صدر شک وجود بن گئے تھے جماعتی مختلف عہدوں پر عمر بھر بڑی عرق ریزی اور کمال محبت اور شوق کے ساتھ خدمات سرانجام دیں۔

مالی معاملات میں ان کی مہارت ایک طرف اور ان کی دیانتداری اور جماعتی روپے کی حفاظت کمال درجے پر پہنچی ہوئی تھی۔

پیارے بھائی ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب اور محترم بھائی جناب محمد اقبال صاحب پراچہ برادرم قریشی صاحب اور یہ عاجز ہماری چاریاری مشہور و معروف تھی نہ صرف جماعت میں بلکہ غیر از جماعت دوست بھی جانتے تھے کہ ان چاروں کی یکرنگی اور باہم دلی وابستگی قابل رشک ہے۔ تقریباً روزانہ کا معمول کہ پیارے بھائی پراچہ صاحب اور میں سیٹلائٹ ٹاؤن سے 12 بلاک حضرت حافظ صاحب کے ہاں پہنچ جاتے اور وہ بھی اپنی مصروفیات سے کنی کترا کر۔ قریشی صاحب مرحوم و مغفور کا ڈرائیور موجود ہوتا تو کار میں ورنہ پیدل آدمی بھیج دیتے تب ہمارا کورم پورا ہوتا وہ محفلیں ان بزرگ بھائیوں کے باعث ایسی روح پرور ثابت ہوتیں کہ ہر مجلس کے اختتام پر ایمان و ایقان صیقل ہو جاتے حتی کہ سیدنا و مرشدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو بھی ہماری چاریاری بھا گئی اور حضور انور نے ہم چاروں کو حضرت مرزا عبدالحق صاحب کی "فیملی" کا نام دیا اگر کبھی ہم چاروں میں کوئی ایک دربار خلافت پر حاضر نہ ہو سکتا تو حضور فوراً بھانپ جاتے اور دریافت فرماتے کہ آج مرزا صاحب کی فیملی نہیں آئی اور ہم حضور کے اس شفقت بھرے اظہار پر پھولے نہ سماتے۔

ایک سال موسم گرما سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کاکول میں مقیم تھے کافی دن گزر گئے زیارت و ملاقات کیلئے ہم بے تاب ہو گئے۔ آخر ہم چاروں بھائی جان حافظ صاحب کی کار میں روانہ ہوئے۔ جاتے ہی حضور انور نے ازراہ غلام نوازی ملاقات کا اعزاز عطا فرمایا بہت دیر تک مختلف باتیں ہوتی رہیں رات بھیگ چکی تھی کہ بھائی جان ڈاکٹر حافظ صاحب نے واپسی کا عزم کیا ہم تو ایسے مصروف بھی نہیں تھے کہ الٹے پاؤں راتوں رات واپس پہنچیں۔ حافظ صاحب کا طریق تھا کہ خواہ ساری رات سفر میں گزر جائے کلینک میں بروقت حاضر ہو جانا ضروری سمجھتے تھے۔ آجکل کے زمانے کی مار دھاڑ کا بھی کوئی اندیشہ نہیں تھا اور نہ رہزنی کا کوئی خوف۔ یوں حافظ صاحب کو ہم کہتے تھے کہ آپ کی کار کسی مہارت کی وجہ سے نہیں بلکہ آپ کے تقویٰ کی برکت سے چلتی ہے اور یہ بات عین درست تھی کہ لاہور سے ایک بار آتے ہوئے حافظ صاحب سو گئے گاڑی چلتی رہی آخر جب لڑکھڑانے لگی تو میں نے جو عقبی نشست پر بیٹھا تھا حافظ صاحب کو جھنجھوڑا کہ حافظ صاحب سو تو نہیں گئے۔ آپ جاگے اور لالیاں اڈے پر آ کر منہ پر پانی کے چھٹے مارے اور اپنے تینوں مصاحبین کو بعد میں بتایا اس وقت حضرت مرزا صاحب کے رو برو شرم کے مارے خاموش رہے کہ میں نے ساری رات لاہور کے خیابان ہوٹل میں جاگ کر گزاری تھی سردیوں کی طویل رات۔ اس لئے مجھے نیند آ گئی تھی اور فلاں خواب بھی میں دیکھ رہا تھا جب تم نے مجھے ہوشیار کیا۔

ساری رات جاگ کر گزارنے کی بھی ایمان افروز کہانی سن لیں فرمایا کہ میں دائیں پہلو ہی سو سکتا ہوں، نہ بائیں کروٹ اور نہ پشت چارپائی پر لگا کر، آپ نے جو پلنگ مجھے دیا اس پر اگر دائیں طرف کروٹ لیتا تو میری پشت کے پیچھے حضرت مرزا صاحب کا پلنگ تھا یہ تو صریح بے ادبی ہوتی اس لئے میں نے ساری رات جاگتے گزاری اور آنکھ جھپک نہیں سکا اور ہمیں وہ ادب و احترام کا سبق دے گئے جو ہم نے اس سے پہلے نہ دیکھا نہ سنا۔

بات ایبٹ آباد کاکول کی ہو رہی تھی بیچ میں لاہور کا سفر اور حافظ بھائی کا ایمان افروز اور روح پرور واقعہ آ گیا تو میرا قلم میرے قابو سے نکل گیا اور کچھ ہوش نہ رہا کہ قارئین اس بے ربط عبارت کو پڑھ کر راقم کو دیوانہ ہی کہیں گے اور مجھے خود تسلیم ہے کہ میں دیوانہ ہوں ذرہ نواز اور بندہ پرور کے لطف و کرم سے کیا بعید جو مجھے وہ دیوانہ بنا دے جس کے حصول کی تمنا سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمائی ہے۔ اے کاش

ہم چاروں حضرت مرزا صاحب کی قیادت میں سرگودھا (اور اس وقت خوشاب بھی سرگودھا کا ہی حصہ ہوتا تھا بعد میں الگ ضلع بنا) کے دور دراز دیہات میں جماعتی دوروں پر جایا کرتے تھے بہت سفر کئے جو بعض تو اپنی منفرد خصوصیات کے باعث اب تک نہیں بھولے پھر یوں ہوا کہ ہماری نیو سول لائن کی بیت کیلئے چار کنال زمین گورنمنٹ سے خریدی اور دین حق کے درد میں بدحال لوگ اکٹھے ہو کر ملک امیر محمد کالا باغ گورنر پنجاب کے پاس گئے انہوں نے بہ یک قلم بیع نامہ منسوخ کر دیا تو پھر ہمیں بیت کی جگہ کی بحالی کیلئے مشورے کرنے اور پھر رٹ پٹیشن دائر کرنے کیلئے بیشمار سفر لاہور کے کرنا پڑے۔ ہائی کورٹ سے ہماری پٹیشن خارج ہوئی تو سپریم کورٹ سے رجوع کیا جہاں قادر کریم نے کامیابی عطا فرمائی اس طرح ہم پانچوں نے لاہور اور راولپنڈی کے سفر بھی کئے۔

مقام شکر ہے کہ کبھی ہمارا باہمی رائے کا اختلاف بھی نہ ہوا۔ یہ عرض کر دوں کہ ڈیوٹی پر کچھ عرصہ میری کار ہوا کرتی تھی پھر اکثر و بیشتر حضرت حافظ ڈاکٹر صاحب کی کار نے بیڑہ اٹھالیا مگر کیا مجال خواہ دور دراز کا سفر ہو جو کبھی یہ خیال بھی دل میں گزرا ہو کہ پٹرول تو جماعت کے فنڈ سے ڈلوالیں حضرت امیر صاحب نے مجھے یاد ہے یہاں تک بھی فرمایا کہ اس کا مطلب ہے آئندہ آپ کی کار کہیں نہ لے جائی جائے مگر مرزا صاحب کی ان گنت حسنات اور خوبیوں میں ایک یہ بھی تھی کہ غصہ فوراً تھوک دیتے تھے آجکل فکری افلاس کا دور ہے نمود و نمائش نے حقیقی اخلاص اور ایثار کی جگہ لے لی ہے شکر خدا کہ ہماری جماعت بہت حد تک اس سے بچی ہوئی ہے اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت مسیح موعود اور خلفاء کرام کے احکام اور مواعظ کے مطابق خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے اور خود بینی اور نمائش سے بچائے رکھے آمین۔

محترم بھائی قریشی محمود الحسن صاحب سے میرا ایک اضافی اور گہرا اور پوتر رشتہ بھی تھا وہ اس طرح کہ میرے والد صاحب میاں عبدالعزیز صاحب نمبردار حلال پور کو 1903ء میں حضرت مہدی معہود کے دست مبارک پر بیعت کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب فاضل حلال پوری جنہیں اکثر لوگ "مولوی فاضل منشی فاضل" بھی کہتے تھے میرے ابا کے بہت گہرے دوست۔ حقیقی بھائیوں سے بھی بڑھ کر ان دونوں بزرگوں کے باہم تعلقات تھے۔ ابا جان جب بیعت کر کے گاؤں گئے تو حضرت مولوی صاحب باہر رات کو جنگل میں جا کر قادیان اور والئی قادیان کے حالات دلچسپی سے سنتے کیونکہ حضرت مولانا صاحب اپنے والد محترم مولوی محمد بخش صاحب سے بہت ڈرتے تھے بالآخر 1908ء میں حضرت مولانا صاحب کو انشراح صدر ہوا اور احمدی ہونے کا برملا اعلان کر دیا جب ان کے والد صاحب کو علم ہوا تو سخت ناراض ہوئے اور فرماتے عزیزو (یعنی میرے والد عبدالعزیز) نے اسماعیلو (یعنی حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب) کو پٹ سٹیا یعنی بہکالیا۔

بہرحال یہ لمبی داستان ہے بالآخر حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب قادیان تشریف لے گئے خود مجھے بھی ان کی شاگردی کا شرف حاصل ہوا مگر کہاں میں اور کیا میرا علم حضرت مولانا صاحب تو استاذ الاساتذہ بنے بہرحال جو تھوڑا وقت میں نے آں ممدوح سے اکتساب علم کیا وہ اب تک ذہن میں تازہ ہے جزاھم اللہ۔

انہی دنوں میرے چچا جان یعنی حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب حلال پوری کی دختر نیک اختر آپا جان حفصہ بیگم صاحبہ برادرم قریشی صاحب کے عقد میں آئیں ہمارا تو خانہ واحدی والا معاملہ تھا میری دو بڑی بہنیں اور تھیں اور آپا حفصہ بیگم صاحبہ سلمہا کو ہمیشہ اپنی بہن ہی جانا اور انہوں نے بھی نہ صرف میرے ساتھ بلکہ میرے سارے کنبے کے ساتھ خواہرانہ شفقت مروت اور احسان کا سلوک کیا۔ فجزاھا اللہ

اس طرح محترم قریشی صاحب مرحوم گویا میرے بہنوئی بھی تھے۔

یہاں حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب کا ذکر آیا ہے تو میں موضوع سے بھٹک جانے کا اعتراض بھی قبول کرنے کو تیار ہوں مگر یہ واقعہ بیان کرنے سے رک نہیں سکتا۔

حضرت مولوی صاحب حلال پور آئے ہوئے تھے اور وہاں سے سرگودھا جانے کا ایک ہی ذریعہ تھا کہ ایک بس علی الصبح مڈھ رانجھہ سے چلتی تھی ابا جان نے

مجھے حکم دیا کہ میں حضرت مولانا صاحب کو گھوڑے پر سوار کر کے مڈھ رانجھہ سے سرگودھا جانے والی بس پر پہنچاؤں تو میں حضرت مولوی صاحب کے پیچھے سوار ہو گیا رات ڈھلے 7,8 میل کا سفر تھا شروع ہوا اس سفر میں حضرت مولانا صاحب نے حلال پور سے قرآن کریم کی تلاوت نہایت سوز کے ساتھ اور لحن داودی میں کرنا شروع کی اور مڈھ رانجھہ جو غالباً ڈیڑھ گھنٹے کا فاصلہ تھا مسلسل پڑھتے آئے مجھے چھوٹی عمر کی وجہ سے پوری سمجھ اور ادراک تو نہیں تھا مگر اس درد بھری کیفیت نے مجھے بھی گویا مسحور کر لیا اور ایک کیفیت سرمدی مجھے بھی عطا ہوئی سوچتا ہوں کہ آپ حافظ قرآن نہیں تھے مگر ڈیڑھ گھنٹے تک مسلسل قرآن کریم پڑھتے رہنا کلام الٰہی سے عشق کی بہت بڑی علامت ہے اور حضرت رسول اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کی اہمیت پر تو آپ کی ایک کتاب محامد خاتم النبیّین ایک پراثر اور جامع کتاب ہے۔

حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب حلال پوری کے بارہ میں سیدنا حضرت مصلح موعود نے ایک دفعہ فرمایا تھا کہ حضرت حافظ روشن علی صاحب سفر پر ساتھ ہوں تو کسی لیکچر کیلئے قرآنی آیات مطابق موقعہ فوراً بتا دیتے ہیں اور اگر مولانا محمد اسماعیل صاحب حلال پوری ساتھ ہوں تو حضرت مسیح موعود کی کتب کے کسی حوالے کی ضرورت ہو تو ایسا لگتا ہے کہ انہیں سارا مسیح پاک کا کتب خانہ ازبر یاد ہے حوالے پر حوالے زبانی بتا دیتے ہیں (مفہوم) قارئین کرام حضرت مولانا صاحب موصوف کے ساتھ ’’حلال پوری‘‘ کا لفظ ہمیشہ ہمارے لٹریچر میں بھی آتا ہے اور میں نے بھی حلال پوری کا لفظ بار بار استعمال کیا ہے اور مجھے خود حلال پور کا جم پل ہونے پر ناز ہے کہ مجھے بھی اس عالم بے بدل اور تصنع اور تکلفات سے مبرا بزرگ سے یہ نسبت تو ہے اللہ ذرہ نواز کی رحمت بے پایاں سے امیدوار ہوں کہ وہ مجھے اس بزرگ اور بے نفس عالم سے اس نسبت کے صدقے معاف فرمادے۔ **ذلک ارجو من اللّٰہ**

پھر ایک اور حضرت مسیح پاک کے رفیق خاص جنہوں نے 6 مارچ 1897 کو اس روز بیعت کی تھی جس روز لیکھرام اپنے بدانجام کو پہنچا تھا۔ نام نامی حضرت مولانا شیر علی صاحب رانجھہ تھا آں ممدوح سے بھی ایک نسبت اس عاجز کو ہے کہ حضرت مولانا شیر علی صاحب اور حضرت مولانا حافظ عبدالعلی صاحب کے ننھیال للیانی متصل بھلوال میں تھے۔

میرے ان بزرگوں اور محسنوں کی والدہ ماجدہ تلہ قوم سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان کا نام گوہر بی بی اور قرآن کریم کی حافظہ تھیں یہ عاجز بھی اس قصبہ للیانی کے معزز پنجوتھہ خاندان کا نواسہ ہے اور میری والدہ ماجدہ کا نام فتح بی بی تھا گویا ان دونوں بزرگوں نے للیانی کا دودھ پیا تھا اور وہیں کا دودھ اس عاصی کو بھی نصیب ہوا میرے آسمانی آقا یہ نسبت تیرے فضل و رحم اور ذرہ نوازی سے میرے نصیبے میں لکھ دے تا جب وقت رخصت آئے تو مجھے اپنے ان متذکرہ بالا بزرگوں کے قرب میں جگہ عطا فرما دینا۔

گو طائر کی نظر مسلسل اپنے نشیمن پر ہے مگر ایسے بزرگوں کا ذکر بیچ میں آ گیا جو میری طاقت میں نہیں تھا کہ صرف نظر کر کے گزر جاتا جو پڑھنے والے موضوع سے بھٹک جانے کا الزام دھرنا چاہیں ان سے معذرت اس عمر میں نہ دل قابو میں رہتا ہے نہ قلم۔

میرے محترم بھائی قریشی محمود الحسن صاحب ایک چنچل خوش باش انسان بلکہ اپنی ذات میں ایک انجمن تھے کوئی الجھن یا دقت یا پریشانی پیش آئے تو ان کے پاس اس کا علاج موجود۔ ہم چاروں اکٹھے ہو جاتے کیسے یک جا فوراً ہو جاتے یہ معمہ نہ سمجھانے کا۔ جب چار دیواری کے اندر چاروں یار اکٹھے ہو جاتے تو پھر کہاں کا کوئی غم اور فکر اور کہاں کی پریشانی قریشی صاحب کو میں محبت اور بے تکلفی میں ’’امرت دھارا‘‘ کہتا تھا یعنی ہر مرض کا علاج۔ شروع وہ حضرت خلیفہ وقت کی دعاؤں کی تحریک سے کرتے اور پھر تدابیر کا پشتارہ کھول دیتے۔

کوئی صاحب شاید یہ جاننا چاہیں کہ ان چاروں میں صدر محفل کون ہوتا تھا تو بھائی تقویٰ بلندی کردار اور دست سخاوجود اور ایثار و اخلاص غرضیکہ ساری صفات حسنہ کے لحاظ سے بھائی جان حافظ جی اس کے مستحق تھے مگر صدر مجلس ہمیشہ بھائی جان قریشی صاحب ہی ہوا کرتے تھے اور خود حافظ صاحب کی خوشی بھی اسی میں ہوتی تھی۔

یوں بھی یہ ایک غیر رسمی محفل ہوتی کوئی باقاعدہ صدارت وغیرہ کا تقرر کب ہوتا تھا۔

قریشی صاحب کا نام نامی بھی محمود تھا اور ان کے کام بھی نام کے مطابق محمود ہی تھے بڑے مونس و غمخوار خاندان مسیح موعود کے شیدائی اور فدائی خلفائے کرام و عظام کے غلام و وفادار۔ جیسا کہ اوپر میں نے لکھا ہے کہ ہر فن مولا۔ ہر فن اور ہنر کے ماہر تھے یہ ایک طویل داستان ہے اور میرے حافظے کے گلدان میں بہت سے گلدستے سجے ہوئے موجود ہیں مگر ان کا ذکر طوالت کا موجب ہوگا جو شاید الفضل کے کالموں کی برداشت سے بھی باہر ہو۔

ارادہ تھا کہ تینوں بھائی یکے بعد دیگرے رخصت ہو چکے ہیں یکجائی طور پر ان کا بیان کر سکوں تو ایک کتابچہ بن جائے گا جو ان کے لئے بھی دعاؤں کی تحریک کا موجب ہوگا اور میرے لئے بھی مگر ایک تو نامحکم دل مانع ہے دوسرے ایک اندیشہ جان کو لاحق ہے کہ ان شیریں داستانوں اور اس پیار و محبت کی محفلوں کا ذکر کرتے کرتے اب ان سے یکسر محرومی اداسی اور تنہائی کہیں مجھے بھی نہ لے بیٹھے بیتے عیش کے دنوں کی یاد کیونکر لکھوں گا ایسے میں میرا قلم لولا اور میری ساری قلبی اور ذہنی طاقتیں بھی جواب دے جاتی ہیں۔

پھر میرے دوست ایک سے بڑھ کر حسنات اور صفات کے مالک تھے پیارے بھائی قریشی صاحب تو عبقری حیثیت کے مالک انسان تھے میرے سوئے جاگے الفاظ کب ان کی تصویر کشی کر سکتے ہیں۔

موت سے مجھے گلہ بھی ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ شاید بجا بھی ہو کہ یہ آتی ہے تو آتی چلی جاتی ہے اتنا وقفہ بھی نہیں ڈالتی کہ پہلی موت کا زخم کچھ تو بھر جائے یا اس پر کھرنڈ ہی بن جائے کچھ شک نہیں کہ علیم و خبیر رب کریم کی حکمت بالغہ سے سب کام موت و حیات کا چل رہا ہے۔ ؎

رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

ایک دفعہ حضرت سیدنا خلیفۃ المسیح الرابع کو میں نے خط میں لکھا کہ حضور عام الحزن تو ایک تھا ’’عام‘‘ کی جمع مجھے کسی عالم سے معلوم نہیں ہو سکی میرے لئے تو تین سال مسلسل حزن کے گزرے ہیں اور پھر میں نے اقبال عظیم کا یہ شعر بھی لکھ دیا کہ

پچھلا برس عظیم بہت ہی طویل تھا
میں بوڑھا ہو گیا ہوں اسی ایک سال میں

میں نے لکھا کہ حضور اقبال عظیم پر نہ معلوم کیا افتاد پڑی جو اسے ایک سال میں بوڑھا کر گئی حضور نے جواب میں لکھا کہ اقبال عظیم کے شعر نے مجھ پر وجد کی سی حالت طاری کر دی۔

میں نے لکھا کہ میرے لئے دعا کریں کہ میں ان مسلسل تین سالوں کے حزن سے کامیابی کے ساتھ نکل جاؤں، خلفاء احمدیت کی دعاؤں کے صدقے جی رہا ہوں اللہ خلافت حقہ کی نعمت میں ہمیشگی عطا فرمائے۔

پھر یوں ہوا کہ میں ذرا سنبھلا ہی تھا کہ 19۔اپریل 2003ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع وفات پا گئے اس غم نے رہی سہی کسر نکال دی۔

اب 9/اپریل کو بھائی محمود الحسن قریشی صاحب انتقال فرما گئے۔

ذرہ نواز کے احسانات اور انعامات اور مغفرت کے کارناموں کے ہم کچھ نہ کچھ واقف ہیں امید ہے کہ وہ آقا اور غلام کو اکٹھا مقام قرب عطا فرمائے گا۔ **انا عند ظن عبدی بی** کی سند میرے پاس ہے۔

الفضل نے محترم قریشی صاحب کی وفات پر جو خبر شائع کی اس میں انہیں حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کے ساتھ ان کے کارخانے میں کام کرنے کی وجہ سے خاص تعلق کا ذکر کیا جہاں تک مجھے یاد ہے قریشی صاحب کے خسر حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب حلال پوری کا مکان حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کی قادیان میں کوٹھی کے قریب تھا اور شاید یہ ہمسائیگی بھی وجہ الفت حضرت صاحبزادہ صاحب موصوف کی بنی ہوگی۔

حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کا محترم قریشی صاحب سے بے تکلفانہ رسم راہ تھا ہمیشہ ’’میاں‘‘ کہہ کر پکارتے تھے اور اس بے تکلفانہ اظہار میں جو خلوص اپنائیت اور ارادتمندی شامل ہے وہ ڈھونڈھے سے نہیں ملتی ہاں ایک حضرت شیخ بشیر احمد صاحب سابق جج ہائی کورٹ کی نسبت میرا مشاہدہ ہے کہ وہ بھی بے تکلفی سے یا خود اعتمادی سے ایسی بات کرتے تھے جو سیدھی دل میں اتر جاتی تھی عاجز کو آپ سے ہم نشینی کا شرف حاصل رہا۔

میرے تینوں محترم بھائی ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے اور مجھے اکیلا چھوڑ کر 9۔اپریل کو دوپہر میری بیٹی نے اطلاع دی کہ قریشی صاحب فوت ہو گئے میں سیدھا الم کدے پر پہنچا وہی گھر جہاں ان گنت خوشیوں اور مسرتوں بھری محفلیں لگا کرتی تھیں۔ میر مجلس کے چہرے پر اپنے رفو شدہ دل کو تھام کر نگاہ ڈالی تو وہ گویا چین سے سو رہے تھے۔

ہمت کر کے ان کی کشادہ پیشانی پر بوسے دیئے اور میاں محمد بخش صاحب کھڑی شریف والوں کا یہ شعر میری زبان سے پھوٹا۔

میلے فیر محمدؐ قسمتاں دے
کتھے شمع تے کتھے پتنگ ہوسی

دل تھا کہ قابو میں نہیں تھا اکٹھے جینے اور مرنے کے عہد و پیمان کئے ہوئے تھے مگر جانے والی روح تو ایک مثالی قربانیاں کرنے والی اور اس نے حسنات ساری عمر جماعت کی خدمت کر کے کمائی تھیں میں نے جب اپنا بقچہ اعمال ٹٹولا تو وہ تو خالی محض ساری عمر دنیا داری میں گزار دی ہاں خلفاء احمدیت اور خاندان مسیح موعود کے ساتھ عقیدت اور غلامی کا دعویدار ضرور ہوں غرض میت کے قریب ایک الگ کمرے میں گم صم بیٹھا رہا مگر اندر مسلسل شکست و ریخت کا عمل جاری تھا۔

پیر فضل شاہ گجراتی جسے پنجابی زبان کا شیکسپئر کہا جاتا ہے ان کے اشعار نے میری حالت کی کچھ ترجمانی ضرور کی کہ ؎

چپ چپیتا لے گیا جہڑا کنج دلاں نوں موڑے
نہ ضامن نہ کوئی وثیقہ نہ موجود گواہی
میں کنج پہنچاں منزل اتے چارے پلے خالی
کماں پینڈا پیریں چھالے چھڈ گئے سب ہمراہی

جوں جوں اپنے اعمال کی گٹھڑی کو نیک اعمال سے خالی دیکھا تو دل دھک سے بیٹھنے لگا کیسے اس دربار عالی میں حاضری ہوگی دامن تار تار اور گناہوں سے آلودہ خدایا اس زمانے میں حضرت مسیح پاک کو ماننے کے بعد بھی حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کے قول کے مطابق جھڈو کا جھڈو ہی رہا۔ وہ تو روحانیت میں قابل رشک مقام رکھتے تھے میں تو واقعی جھڈو ہی ہوں ایسے میں شعراء کے دیوانوں کو کھنگالتا ہوں اور ان من الشعر حکمۃ کی صداقت میرے دل میں گڑ جاتی ہے آسمانی آقا تو ذرہ نواز بھی ہے غفور رحیم بھی گناہ گار ہوں مگر زندگی میں جو میرے سینے میں زخم لگے ان کی وجہ سے مظلومیت کے سہارے ہی معاف فرما دے پھر میرے مرشدوں خلفاء کرام اور سب سے زیادہ حضرت اقدس مہدی معہود کے متعلق جس قسم کی دشنام طرازی اور افترا پردازی کی گئی اس سے ہمارے سینہ و جگر چھلنی ہوئے۔ 1901ء میں حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب اور 1903ء حضرت صاحبزادہ

سید عبداللطیف صاحب اور پھر 1924ء اور 1925ء میں جس جس طرح ظلم و بربریت کے تماشے چشم فلک نے دیکھے اور میں نے جب بھی پڑھے تو میرے قلب و جان پر گویا خنجر چلے پھر گھٹیالیاں اور تخت ہزارہ اور مونگ اور پھر چند ماہ قبل موضع سیرے میں ہمارے مخلص بھائی محمد اشرف جھارا کو جس طرح گولیوں سے بھون دیا گیا اور پھر درندہ صفت انسان نے ٹوکے کے ساتھ اس کے ٹکڑے کئے خدا جانتا ہے کہ جب ان کا دعاؤں میں ذکر کرتا ہوں تو اشک بار ہو کر فریاد کرتا ہوں اور پھر مجھے اپنی مظلومیت کی وجہ سے قادر کریم کی عفو و مغفرت کی امید بندھتی ہے اور بقول شاعر۔

تولن والیا پنڈ گناہ دی دکھاں نو وی تول
میرا ذمہ جے عدل ترازو پھر کھائے جا جھول

خوشامد سے طبعاً نفرت رہی ہے اور اسی موضوع پر شعروں کا ایک مجموعہ میرے مجموعے میں موجود ہے۔ حضرت سید میر محمد اسماعیل صاحب نے ایک نظم لکھی تھی جو اسی موضوع پر تھی عنوان اس نظم کا تھا ''دکھاوے کی محبتیں'' اس کے مطالعے سے ایسی بناوٹی اور جعلی محبتوں اور عقیدتوں پر ہر قاری تین حرف بھیجتا ہے۔ ہر تمثیل کے بعد حضرت میر صاحب کا یہ شعر تو گویا شاہکار ہے کہ ؎

ہے محبت فقط دکھاوے کی
اہل دنیا کا ہے یہی شیوہ

برادرم قریشی صاحب مرحوم کو 65,60 سال بہت قریب سے دیکھا ان میں ایسی قابل صد نفرین خصلت کا شائبہ بھی نہیں تھا۔ نرا خلوص خالص محبت ایثار ہمدردی اور دستگیری ان کا شیوہ تھا ایسے شخص سے ہمیشہ کیلئے جدا ہو جانے سے دل بہت غمگین ہے بہرحال صبر ہی کرنے کا حکم ہے دلی دکھ اپنی جگہ مگر ہم آہ و بکا کے قائل نہیں۔

محترم قریشی صاحب آخری دنوں میں پہچانتے نہیں تھے مگر میں جب بھی گیا تو پہچان کر میرے ہاتھوں کو بوسہ دیتے اور میں بھی دل کی حسرتیں نکال لیتا یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ برادرم قریشی کی زندگی کے آخری دنوں میں آپ کے دونوں بیرون ملک رہنے والے بیٹے عزیزم سعید احمد اور ان کا بیٹا عزیزی رومی کینیڈا سے اور عزیزی رشید احمد صاحب اور ان کی بیگم لندن سے اور عزیزم رشید احمد کا ایک بیٹا بھی زندگی میں دادا جان کو مل گیا تھا۔ آپا موصوفہ بیگم صاحبہ نے باوجود کبر سنی کے اور باوجود کئی علالتوں میں مبتلا ہونے کے رات دن وہ خدمت اپنے نامور خاوند کی کی جو ایک روشن مثال ہے اس طرح عزیزم مجید احمد نے تو بہت طویل عرصہ تک اپنے ابا کی خدمت کی اور ایک نام پیدا کیا۔ اللہ ان سب کو اپنی جناب پاک سے بہترین صلہ دے۔

ربوہ کا آخری سفر ہم نے اس دن اکٹھے کیا جب ایڈیشنل سیشن جج چنیوٹ نے سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کی ضمانت قبل از گرفتاری نامنظور کی اور انہیں ان کے ساتھیوں کو ایک رات ربوہ تھانے میں رکھ کر جھنگ جیل میں منتقل کیا جانا تھا۔

ہم دونوں تھانے ربوہ کے قریب پہنچے تو قریشی بھائی ڈرے کہ شاید پولیس والے ملاقات نہ کرنے دیں اس لئے امور عامہ سے مدد لی جائے میں نے کہا ایسی کوئی بات نہیں ہے ورنہ عزیزم خالد محمود صاحب میلہ R.M کو ساتھ لے کر ملاقات کر لیں گے۔ وہ تو خیر گزری کسی نے ملاقات سے نہ روکا۔ حضرت صاحب اور محترم کرنل ایاز محمود صاحب اور دیگران سے کافی دیر ملاقات کی۔ مگر یہ شعر پڑھتے پڑھتے ہی سرگودھا پہنچے۔ کہ ؎

چلائے کوئی جا کے مزار مسیح پر
نصرت جہاں کی گود کے پالوں کو لے گئے

اس وقت یہ شعر اور کئی دوسرے اشعار حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے کہے تھے جب حضرت صاحب کے حضرت دادا جان اور حضرت ماموں جان جو واقعی نصرت جہاں کی گود کے پالے ہوئے تھے انہیں ناکردہ جرم میں گرفتار کر لیا گیا تھا مگر یہ ابن مسیح کوئی تھانے یا جیل میں جانے والے وجود تھے؟ برا ہو تعصب کا اور دشمنی کا۔

ربوہ کے سفر بہت ہم نے اکٹھے کئے اور ڈرائیور قریشی بھائی کا میں ہی ہوتا تھا لیکن 1984ء میں جب حضرت صاحب لندن تشریف لے گئے تو قدرتی طور پر ربوہ آنے جانے میں کمی آ گئی میرے واجب الاحترام استاد حضرت چوہدری محمد علی صاحب مضطر نے جس خوبصورتی سے اس کیفیت کو بیان کیا یہ انہیں کا حصہ ہے۔

شہر کا ناز تو شہر سے جا چکا
کس لئے آئے ہو اب میاں شہر میں
لے گیا اپنے ہمراہ سب رونقیں
وہ جو تھا اک حسیں نوجوان شہر میں

آخر میں میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی نوازشات کریمانہ کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کیونکہ میرے نزدیک سب تعزیتی پیغامات سے بڑھ کر حضور انور کا تعزیت نامہ ہے اپنے غلام صادق اور خادم وفا کیش کا ذکر خطبہ جمعہ میں بھی کیا اور پھر ہزارہا مخلصین کے ساتھ جنازہ غائب پڑھایا جو مرحوم کی درجات کی بلندی کی روشن علامت ہے۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔

دعا کریں کہ مرحوم بھائی کی مغفرت کیلئے کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنا خاص مقام قرب عطا فرمائے اور یہ خاکسار متواتر یہ دعا کر رہا ہے۔

ہمیں تو وہ قلب و جان پر زخم لگا کر چھوڑ گیا اللہ اس کے ساتھ وافر رحمت کا سلوک فرمائے تا وہ خورسند رہے۔ آمین یارب العالمین۔

ان کی جدائی میں اپنا تو یہ حال ہے کہ ؎

جس طرح دیہات کے اسٹیشنوں پر دن ڈھلے
اک سکوت مضمحل گاڑی گزر جانے کے بعد

یا اللہ رحم فرما اور میرا انجام بھی بخیر فرما تجھے سب زور قدرت ہے خدایا۔

# عطا کر دے انہیں جنت میں گھر

## حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب کی یاد میں

سُوئے جنت چل دیا محمود کا لختِ جگر
عاشقِ دینِ محمدؐ احمدیت کا گُہر

دین کا سچا مجاہد وہ ولی درویش تھا
دارِ مہدی میں گزارے جس نے سب شام و سحر

جان و دل سے وہ خلافت پر فدا تھا ہر گھڑی
وہ خلافت کی حمایت میں رہا سینہ سپر

مونس و غم خوار تھا وہ سب غریبوں کیلئے
ہر کسی کے واسطے اس کا کھلا رہتا تھا در

قادیاں کے باسیوں کے واسطے اک ڈھال تھا
باپ کی مانند شفقت کی تھی ہر اک پر نظر

اس کی رحلت پر امامِ وقت نے خطبہ دیا
سب بتائے اس کے اوصاف حمیدہ کھول کر

رشک کرتے ہیں فرشتے ایسے نیک انجام پر
تجھ پہ لاکھوں رحمتیں ہوں اے خلیفہ کے پسر

ہے دعا مومن کی مولیٰ دے انہیں اعلیٰ جزا
اپنی رحمت سے عطا کر دے انہیں جنت میں گھر

**خواجہ عبدالمومن**

حکیم نذیر احمد مظہر صاحب

# صلح کے جسمانی و روحانی فائدے

صلح عربی زبان کا لفظ ہے اس کا مادہ ''ص ل ح'' ہے۔ زبانوں کی ماں عربی فصاحت و بلاغت میں اپنا ثانی نہیں رکھتی اور اس کی عالی شان عمارت انہی سہ حرفی مادوں پر تعمیر کی جاتی ہے۔ یہ مادے اپنے اندر عجیب وغریب دقائق ومعارف رکھتے ہیں۔

صلح کے معانی میں دیگر معانی کے علاوہ اچھا ہونا اور تندرست ہونا بھی پایا جاتا ہے یہ تندرستی ذہنی، جسمانی و روحانی ہر قسم کی ہوسکتی ہے۔

اس کے برعکس صلح کا متضاد لفظ فساد ہے اور اس کا مادہ ''ف س د'' ہے۔ اس کے معانی علاوہ امن کو برباد کرنا۔ ذہنی جسمانی اور روحانی تندرستی کو خراب کرنا بھی ہیں۔ رنجش، ناراضگی، لڑائی، جھگڑا، جنگ وجدل، قتال اور فساد یہ سب صلح کے الٹ الفاظ ہیں۔

حالت فساد میں انسان کی جو ذہنی بدنی یا روحانی کیفیات ہوتی ہیں۔ وہ کچھ اس طرح سے ہوتی ہیں کہ بغض وکینہ پرورش پاتا ہے اور انسان کی کیفیت عربی کے اس شعر کے مصداق ہو جاتی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ

رضا کی آنکھ ہر عیب سے بند رہتی ہے اور خوبیاں ہی خوبیاں دیکھتی ہے جبکہ ایک ناراض آنکھ کو جس سے وہ ناراض ہوگی اچھائیوں کو بھی برائیاں ہی دیکھتی ہے۔

حالت فساد میں سوچ منفی ہو جاتی ہے اور ہمہ وقت انسان اس سوچ میں گرفتار رہتا ہے کہ اپنے مدمقابل کو کسی طرح نیچا دکھایا جائے، اس کو نقصان پہنچایا جائے۔ ایک شخص اپنے معمولات زندگی اور فرائض یکسوئی سے انجام نہیں دے سکتا۔

حالت فساد میں انسان ذہنی دباؤ، کھچاؤ تناؤ کا مسلسل شکار رہنے لگتا ہے بعض اوقات ایک مستقل ذہنی بیماری کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔

حالت فساد میں پیشتر وقت منفی امور کی انجام دہی میں صرف ہو جاتا ہے ذرائع آمد متاثر ہوتے ہیں اور اخراجات بڑھ جاتے ہیں لہٰذا ایک شخص معاشی بدحالی کا شکار ہو جاتا ہے۔

## بدنی عوارض

حالت فساد میں دوران خون معدہ کی بجائے زیادہ تر دماغ کی طرف رہتا ہے۔ ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے اور معدہ کی خرابی جیسا کہ ہمارے آقا ﷺ نے فرمایا معدہ بیماریوں کا گھر بھی ہے یعنی معدہ کی خرابی اکثر بیماریوں کا باعث ہے۔

معدہ انسان کے جسم میں حوض کے مانند ہے اس سے جسم میں ہر طرف نالیاں جاتی ہیں۔ اگر معدہ تندرست ہوگا تو یہ تمام نالیاں صحت منداشیاء لے کر جائیں گی اگر معدہ بیمار ہوا تو یہ نالیاں بھی بیماریاں لے کر جائیں گی۔

لڑائیوں، رنجشوں ناراضگیوں کے نتیجہ میں ذہنی پریشانیوں کے باعث شوگر، ہائی بلڈ پریشر، لو بلڈ پریشر قلبی عوارض، اعصابی کمزوری، ذہنی وجسمانی تھکاوٹ کی شکایات انسان کو گھیرنے لگ جاتی ہیں۔

صلح سے مذکورہ بالا حالت فساد کے تمام نتائج کا قلع قمع ہوتا ہے۔ اسی لئے کتاب حکیم نے فرمایا ''الصلح خیر'' صلح میں بھلائی ہی بھلائی ہے تجربہ کرلیں صلح سے انرجی حاصل ہوتی ہے۔

---

افتخار احمد انور صاحب

# سبزی کھائیے، زندگی سرسبز بنائیے

جس دور میں سے کُل کائنات، چرند، پرند، حیوانات اور نباتات گزر رہے ہیں، ان کے لئے اپنی بقاء کو برقرار رکھنا کٹھن ہے۔ جنگلات کٹ رہے ہیں جس سے نہ صرف چرند اور پرند متاثر ہو رہے ہیں بلکہ نباتات اور انسان بھی شدید حالات سے دوچار ہیں۔ خداتعالیٰ نے انسان کو تمام جانداروں سے ممتاز کیا ہے۔ اس کے پاس ذہن ہے وہ جو بھی کام کرتا ہے اس کی سوچ اور لائحہ عمل کے تابع کرتا ہے۔ اچھی سوچ ایک صحت مند دماغ میں ہی پیدا ہوسکتی ہے ایسے میں اگر وہ صحت مند اور فٹ نہیں تو اس سے کیا کارنامے سرزد ہوں گے؟ اچھی سوچ کا تعلق متوازن غذا سے بھی ہے۔ اس دور میں خالص اشیاء کا ملنا محال ہے۔ ہر وہ چیز جو کھانے میں استعمال ہوتی ہے اس کو مصنوعی طریقوں سے بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ لیکن اس کے باوجود قدرت کے کارخانے میں سے ایک نعمت عظمٰی جو ہمیں حاصل ہے وہ خداتعالیٰ کی بنائی ہوئی زمین سے نکلنے والی تازہ بتازہ سبزیاں ہیں۔ جن کی اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔ جن کے اجزاء جسمانی مشین کے کل پرزوں کو تقویت دیتے ہیں اور انسان روزمرہ کے کاموں کو سرانجام دے کر اپنی دنیا میں موجودگی کا احساس دلاتا ہے۔

اعدادوشمار کے مطابق اہل مغرب کی گوشت کی طرف رغبت صدی یا ڈیڑھ صدی کا قصہ معلوم ہوتی ہے۔ پاکستان میں گوشت بڑے مزے سے کھایا جاتا ہے۔ گوشت سے مختلف مزیدار کھانے تیار کئے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود سبزی کی اہمیت اپنی جگہ پر قائم ہے۔ بعض جانور جیسے بیل، گھوڑے، ہاتھی اور عہد گزشتہ کے کئی جانور جن کی نسلیں اب معدوم ہو چکی ہیں سبزی خوری کی طرف مائل تھیں جوان سبزیات کو کھا کر مضبوط، جفاکش اور قوی الجثہ رہے۔ کئی دفعہ ایسا بھی ہوا کہ عالمی جنگوں کے زمانے میں جن ممالک میں گوشت کی رسد کم ہوگئی، سبزی خوری نے صحت کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی اہمیت منوائی۔ اسی طرح اس دور میں مختلف قسم کے عارضوں میں کمی آئی جیسے رگوں اور دل کے امراض۔ شمالی علاقہ جات میں سے ہنزہ کے لوگ جو اپنی خوراک میں ترکاریوں کو شامل کرتے ہیں ان کی صحت اچھی ہوتی ہے اور طویل عمر پاتے ہیں۔ یہ بات شک وشبہ سے بالا ہے کہ غذاؤں میں سے سبزی کی کثرت کوئی نقصان نہیں پہنچاتی۔ اسی طرح سبزیوں اور دالوں میں جو غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں وہ گوشت میں نہیں پائے جاتے۔ جسم کو جن اشیاء کی ضرورت ہے وہ سبزیوں میں سے زیادہ حاصل ہوتی ہیں۔ روزمرہ سبزیوں کو استعمال کر کے قبض اور مختلف بیماریوں سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔ سبزیوں کے اندر خاص جوہر اور نمکیات ہوتے ہیں جو قوت ہاضمہ کو بڑھاتے ہیں۔ جس کی بدولت جسم خوبصورت اور صحت مند ہوتا ہے۔ سبزی خوری کی وجہ سے خون صاف ہوتا ہے اور ان میں موجود ریشے جسمانی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ اگر اسی طرح سبزیوں کو صحیح طریقے سے پکایا جائے تو یہ جسم کو ضروری اجزاء فراہم کر کے جسم کو طاقت اور قوت فراہم کرتی ہے۔ لیکن اس بات کا خیال رکھا جانا چاہئے کہ ان کو زیادہ حرارت دینے سے ان کی نازک ساخت ختم ہوسکتی ہے۔

عموماً بعض لوگ سبزیوں کو ابال کر پانی نکال دیتے ہیں۔ یہ طریقہ صحیح نہیں۔ اس بات کا خیال رہنا چاہئے کہ پانی اتنا ہی ڈالیں جس سے سبزی ابل جائے۔ اس سے سبزی بہت مزیدار پکے گی۔

ہم سبزیوں کو مختلف طریق پر استعمال میں لاسکتے ہیں جیسے کہ کچی سبزی سلاد کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے۔ ابال کر بھی بعض سبزیاں کھائی جاتی ہیں۔ ساتھ ہی ان کا سوپ بنا کر بھی آپ ان سے حظ اٹھا سکتے ہیں۔ گوشت کے سالن کے ساتھ بعض سبزیوں کے سلاد بھی استعمال میں لائے جاسکتے ہیں جیسے کہ پیاز، چقندر، مولی، گاجر، کھیرا وغیرہ۔ بعض سبزیوں سے حلوہ تیار کیا جاتا ہے جو مزیدار ہونے کے ساتھ فرحت بخش اور طاقت فراہم کرنے والا بھی ہوتا ہے۔ مثلاً پیٹھے کا حلوہ، گاجر کا حلوہ وغیرہ۔ لیکن سبزی کو سالن میں پکانا یقیناً ہر ایک کو بھاتا ہے۔ آپ کی خوراک میں سالن کا کلیدی کردار ہے۔ جس سے صبح وشام لطف اندوز ہوا جاتا ہے۔ پالک کی بھجیا آلو کی بھجیا جس کو سن کر منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ بہت جلد ہضم ہونے والی قبض کشا ہے۔ ٹماٹر کا استعمال سالن میں اور سلاد میں بھرپور کیا جاتا ہے۔ اس کی اہمیت بطور پھل کے بھی ہے۔ گزشتہ دور میں سبزیوں اور پھلوں کے استعمال سے بہت ساری بیماریوں کے علاج کا بھی پتہ چلتا ہے۔ اسی لئے اس غذائیت کے اعتبار سے اس کی اہمیت بھی اتنی ہے جتنی کہ پہلے تھی بلکہ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ موجودہ دور میں اور بھی زیادہ اہمیت ہوگئی ہے۔

آپ کو کچھ سبزیوں کی خاصیت اور فوائد بھی بتائے دیتے ہیں۔ مثلاً کریلے کی تاثیر گرم ہوتی ہے۔ معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ شوگر کے مریضوں کا شافی علاج ہے۔ لبلبے کی اصلاح کے لئے کریلے سے بہتر کوئی سبزی نہیں۔ مثانہ کی پتھری کو توڑ پھوڑ کے عمل میں سے گزار کر ختم کرتا ہے۔ انسانی جسم سے زہریلے مادوں اور فاسد مادوں کو ختم کرتا ہے۔

ایک سبزی کدو بھی ہے۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کدو کو پسند فرماتے تھے۔ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کدو دماغ کی طاقت کو بڑھاتا ہے اور ذہانت میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ باقی غذاؤں سے چونکہ یہ ہلکی ہے اس لئے دوسری غذاؤں کو ہضم کرنے میں معاون ہے۔ ہاتھ اور پاؤں کی گرمی دور کرنے کے لئے کاٹ کر ان کو ہاتھوں اور پاؤں پر پھیرنا بہت مفید ہے۔

سرخ گاجر ہم سب کو بہت پسند ہے۔ جس میں پوٹاشیم، فاسفورس، سوڈیم، پروٹین اور کیلوریز مناسب طور پر پائی جاتی ہیں۔ حیاتین بہت زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

گاجر کا جوس مفید ہوتا ہے۔ جس سے آنکھوں کی بینائی کو تقویت ملتی ہے۔ شوگر کے مریضوں کے لئے زیادہ بہتر ہے کہ وہ انہیں پکانے کی بجائے کچی کھائیں۔ خون کی خرابی، دل کی دھڑکن اور یرقان کے لئے مفید ہے۔ قبض کشا ہونے کے ساتھ اس سے پیشاب میں بھی آسانی ہوتی ہے۔ کھیرا ایک مفید سبزی ہے جس کو ہم اپنے کھانوں کے ساتھ بطور سلاد استعمال کرتے ہیں۔ کھیرے کی قاشوں کو آنکھوں پر رکھنے سے راحت محسوس ہوتی ہے۔ آنکھوں کے اردگرد حلقوں کو ختم کرنے اور چہرے کو تروتازہ رکھنے کے لئے کھیرے کو کچل کر دودھ میں ملا کر لگانا اچھا ہے۔ پیاس کو ختم کرتا ہے لیکن اس کے کھانے کے بعد پانی نہیں پینا چاہئے۔

میتھی خداتعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ مسلسل استعمال سے جسم صحت مند رہتا ہے۔ اس میں کیلشیم، فاسفورس اور پروٹین بہت زیادہ پائی جاتی ہیں۔ آئرن بھی اس میں موجود ہے۔ اسی طرح پودینہ کی خاصیت اور فوائد بہت زیادہ ہیں۔ اس کا سب سے پہلا کام اپنی مسحور کن خوشبو کے ذریعے بھوک لگانا ہے۔ معدے کے لئے انتہائی ضروری ہے جس کا بنیادی جزو منتھول جوڑوں

(باقی صفحہ 11 پر)

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

### مسل نمبر 69385 میں مرزا مجید احمد

ولد محمد شفیع مرزا قوم مغل پیشہ پنشنر عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ریواز گارڈن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-4-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) 10 مرلہ پلاٹ واقع نشیمن اقبال مالیتی -/600000 روپے (2) نقد رقم -/450000 روپے (3) موٹر سائیکل مالیتی -/7000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7767 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مرزا مجید احمد۔ گواہ شد نمبر 1 نعمان مجید احمد ولد مرزا مجید احمد۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالماجد خاں ولد عبدالقادر خاں

### مسل نمبر 69386 میں شاہدہ مجید

زوجہ مرزا مجید احمد قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ریواز گارڈن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-3-30 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 16 تولے مالیتی -/208000 روپے (2) 9 مرلہ پلاٹ مالیتی -/500000 روپے (3) حق مہر ادا شدہ -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شاہدہ مجید۔ گواہ شد نمبر 1 مرزا مجید احمد خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 نعمان مجید احمد ولد مرزا مجید احمد

### مسل نمبر 69387 میں نوشین اعجاز

بنت چوہدری اعجاز احمد سندھو قوم سندھو پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 06-11-5 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نوشین اعجاز۔ گواہ شد نمبر 1 چوہدری اعجاز احمد سندھو والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر محمود احمد سندھو ولد چوہدری اعجاز احمد سندھو

### مسل نمبر 69388 میں نصرت رحمان

زوجہ قاضی عبدالرحمان نعیم قوم کھرل پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-1-18 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور اندازاً مالیتی -/127500 روپے۔ بشمول حق مہر ادا شدہ بصورت طلائی زیور۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نصرت رحمان۔ گواہ شد نمبر 1 قاضی عبدالرحمان خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 قاضی عبدالسمیع طارق ولد قاضی عبدالحمید (مرحوم)

### مسل نمبر 69389 میں مبارکہ بشیر

زوجہ بشیر احمد وڑائچ قوم ساہی پیشہ خانہ داری عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 06-5-24 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 25 تولے (2) 5 مرلہ پلاٹ واقع دارالصدر شمالی ربوہ (3) رقم فروخت شدہ پلاٹ -/1000000 روپے (4) 27 مرلہ پلاٹ الحمراء ٹاؤن لاہور (5) حق مہر -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مبارکہ بشیر۔ گواہ شد نمبر 1 بشیر احمد وڑائچ خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 مصور احمد وڑائچ ولد بشیر احمد وڑائچ

### مسل نمبر 69390 میں صدف شاہد

بنت شاہد احمد چغتائی قوم چغتائی پیشہ ٹیچنگ عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 05-5-16 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صدف شاہد۔ گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد چغتائی والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 ایم کلیم اللہ خاں

### مسل نمبر 69391 میں مہک شاہد

بنت شاہد احمد چغتائی قوم چغتائی پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 05-11-21 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 5 گرام مالیتی اندازاً -/7500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مہک شاہد گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد چغتائی والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر محمود ولد ثاقب زیروی

### مسل نمبر 69392 میں آمنہ آغا عقیل

